ISSN: 2079-4568

سہ ماہی

پیغام آشنا

شمارہ ۵۰ (گرما) جولائی تا ستمبر ۲۰۱۲ء

امام علی ابن موسی الرضا علیہ السلام

بے شک حکماء اور دانشمند لوگ جب
نااہلوں کو حکمت کی تعلیم دیں گے تو
حکمت برباد ہو جائے گی۔
(بحار الانوار ج ۷۸، ص ۳۴۵)



تبصرۂ کتب

☐ نام کتاب: جناب پیر سید رفاقت علی شاہ کا سفر زیارات ایران

☐ مصنف: افتخار احمد حافظ قادری

☐ ناشر: بغدادی ہاؤس 999/A-4، گلی نمبر 9، افشاں کالونی، راولپنڈی

☐ تعداد صفحات: ۳۶۸

☐ قیمت: ۴۰۰ روپے

کسی بارگاہ میں حاضری حاضری دہندہ کے قلبی اخلاص کا پرتو ہوتا ہے کہ وہ ہزار ہا کلومیٹر کے مشقت بھرے اسفار انجام دیتا ہے اور بالآخر اپنی منزل مقصود پر پہنچ کر گلہائے عقیدت نچھاور کرتا ہے۔ پیر سید رفاقت علی شاہ مشہدی کاظمی قادری اولاد و اخلاف امام موسیٰ کاظم - سے ہیں اور اصیل کاظمی سید ہونے کے ناتے اپنے جد کی زیارت کا شرف حاصل کرنے کو انہوں نے مشہد مقدس کے لیے بار سفر درست کیا۔ اس سفر مبارک میں انہیں حافظ افتخار احمد قادری کی معیت بھی حاصل تھی۔ حافظ افتخار احمد قادری ائمہ طاہرین اور اولیا اللہ کی زیارت کے لیے پاکستان کے داخلی اسفار کے علاوہ متعدد اسلامی ممالک کا سفر کر چکے ہیں اور ہر سفر کے آخر میں ایک سفر نامہ بمعہ تصاویر مقاماتِ مقدسہ و آستانہائے عالیہ مرتب کر کے ملت اسلامیہ کو پیش کرتے ہیں۔ اس طرح کی ۳۲ کتابیں اب تک ان کی مساعی سے چھپ چکی ہیں۔

وہ اپنے ۳۲ سفر ناموں کے ذریعے ائمہ طاہرینؑ اور اولیا اللہ کی شخصیات، سیرتہائے مبارکہ اور فرامین و افکار کے حوالے سے بحث کر چکے ہیں۔ ان کا یہ الٰہی مشن جاری ہے اور ہر سال مرور زمانہ کے ساتھ ان ارزشمند آثار میں اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے۔ یہ سلسلہ اسی طرح جاری رہا تو ایک دن وہ عالم اسلام کے عظیم سفر نامہ نویسوں اور سیرت نگاروں میں شمار ہوں گے۔ زیر نظر کتاب میں پہلا باب فضیلت زیارت حضرت امام علی رضاؑ سے متعلق ہے جن کے روضۂ مبارک پر ہمیشہ آسمان سے فرشتوں کا نزول اور

Scanned with CamScanner

انوار وتجلیات الٰہیہ کی قدسی بارش برستی رہتی ہے۔اسی باب میں امام کے آستانہ عالیہ کے مختلف حصوں پر گفتگو کی گئی ہے مثلاً مسجدِ گوہر شاد، مزارِ اقدس کا سنہری گنبد، مرکزی کتابخانہ، مرکزی میوزیم، قرآن میوزیم، لنگرِ رضویہ، اس کے ساتھ ساتھ امام علی رضاؑ کی زندگی اور سیرت مبارکہ، ان کے خصائص، مامون کی طرف سے دعوتِ سفرِ مرو اور ان کا عظیم استقبال وغیرہ بھی شامل ہیں۔اسی طرح بعض اکابر و مشاہیر اسلام مثلاً حضرت معروف کرخیؒ، ابا صلت ہروی اور خواجہ ربیع کے اذکار سے بھی کتاب مزین ہے۔

ایران کی دیگر زیارات جن میں نیشابور، حضرت شیخ بایزید بسطامیؒ، حضرت شیخ ابوالحسن خرقانی، زیارات گیلان، قم المقدسہ میں زیارت خواہرِ گرامی قدر امام علی رضاؑ حضرت سیدہ فاطمۃ المعصومہ اہلِ دل کے مرکز نیز شیراز کی زیارات شامل ہیں۔

حصہ دوم میں پیر رفاقت علی شاہ کی زندگی پر اندرون و بیرون ملک سے تاثرات اور مصنف کتاب کی سفر میں بنائی گئی تصاویر، شامل ہیں۔

اپنی نوعیت کا یہ منفرد سفرنامہ ہے جس میں آپ مختلف اسلامی مشاہیر اور شخصیات کا تعارف حاصل کرتے اور مختلف مقامات مقدسہ کی رنگین تصاویر اور احوال کا مشاہدہ کرتے ہیں۔غرض اولیا اللہ کی برکات اور فیوض کی پرتو یہ کتاب حافظ افتخار احمد قادری کے کارآزمودہ نوک قلم کا ایک باکمال شاہکار ہے۔□

□ نام کتاب: مدحِ ممدوح خدا (نعتیہ دیوان)
□ شاعر: گستاخ بخاری
□ ناشر: مثال پبلشرز، رحیم سنٹر، پریس مارکیٹ، امین پورہ بازار، فیصل آباد
□ سال اشاعت: ۲۰۱۲ء
□ قیمت: ۵۰۰ روپے

گستاخ بخاری صرف تخلص کی حد تک گستاخ ہیں۔جب آپ ان کے نعتیہ دیوان مدحِ ممدوحِ خدا کے صفحات سے گذر رہے ہوتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ وہ حضور سرورِ کائنات حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ